# سندھ آرڈیننس نمبرX مجریہ 2005

# SINDH ORDINANCE NO.X OF 2005

# ڈاؤیونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز (ترمیم) آرڈیننس، 2005

# THE DOW UNIVERSITY OF HEALTH SCIENCES (AMENDMENT) ORDINANCE, 2005

## فہرست (CONTENTS)


تمہید(Preamble)

1. مختصر عنوان اور شروعات

Short Title and commencement

2. 2004 کے سندھ ایکٹ نمبر X کی دفعہ 4-B کا اندراج

Insertion of section 4_B Sindh Act No. X of 2004

# سندھ آرڈیننس نمبرX مجریہ 2005

# SINDH ORDINANCE NO.X OF 2005

# ڈاؤیونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز (ترمیم) آرڈیننس، 2005

# THE DOW UNIVERSITY OF HEALTH SCIENCES (AMENDMENT) ORDINANCE,2005

[17 ستمبر 2005]

ایک آرڈیننس جس کے ذریعے ڈاؤیونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسزایکٹ، 2004 میں ترمیم کی جائے گی.

تمہید(Preamble)

جیسا کہ ڈاؤیونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسزایکٹ، 2004 میں ترمیم کرنا مقصود ہے اس کو اس طرح سے عمل میں لایا جائے گا۔

اور جیسا کہ صوبائی اسمبلی کا اجلاس نہیں چل رہا ہے اور سندھ کا گورنر مطمئن ہے کہ موجودہ حالات میں ہنگامی قدم لینا ضروری ہوگیا ہے.

اب،اس لیئےاسلامی جمہوریہ پاکستان آئین کے آرٹیکل128 کی شق (1) کے تحت ملے ہوئے اختیارات کو استعمال میں لاتے ہوئے گورنر سندھ نے مندرجہ ذیل آرڈیننس بنا کر نافذ کرنا فرمایا ہے۔

مختصر عنوان اور شروعات

Short Title and commencement

1.(1) اس آرڈیننس کو ڈاؤیونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز (ترمیم) آرڈیننس،2005 کہا جائے گا۔

(2) یہ فی الفور نافذ العمل ہوگا۔

| | |
|---|---|
| سندھ ایکٹ نمبر X 2004 میں دفعہ 4-B کا اندراج۔<br><br>Insertion of section 4_B Sindh Act No. X of 2004 | 2. ڈاؤیونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز ایکٹ 2004 دفعہ 4-A کےبعد درج ذیل نئی دفعہ کااندراج کیا جائے گا ۔<br>”4-B(1) دفعہ 4 کی ذیلی دفعہ (2) کے تحت ڈاؤیونیورسٹی میں منتقل ہونے والا کوئی بھی شخص بشمول وہ شخص جس کا تبادلہ ہوا ہے لیکن اس نے ابھی تک یونیورسٹی کو اطلاع نہیں دی ہے وہ محکمہ صحت کا انتخاب کرسکتا ہے۔<br>(2) ذیلی دفعہ (1) کے تحت اختیار کا استعمال کیا جائے گا اور ڈاؤیونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز (ترمیم) آرڈیننس، 2005 کے آغاز نوے دنوں کے اندر حکومت کو پیش کیا جائے گا اور اس طرح استعمال کیا گیا اختیار حتمی ہوگا۔<br>(3) ذیلی دفعہ (2) کے تحت اختیار کے ملنے پر، حکومت محکمہ صحت میں خدمات کے لیئے متعلقہ شخص کو منتقلی یا جیسا بھی معاملہ ہو، جاری رکھنے کی اجازت دے سکتی ہے۔ |

**نوٹ: آرڈیننس کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لئے ہے، جسے کورٹ میں استعمال نہیں کیا جاسکتا۔**